سوال

(202)چرم قربانی بجائے غرباء ومساکین کے سیاسی یا ملی انجمن میں دینا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

چرم قربانی بجائے غرباء ومساکین کے کسی سیاسی یا ملی انجمن میں دے سکتے ہیں؟ قرآن وحدیث سے ثبوت پیش کریں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث صحیح میں چرم قربانی فقراء اور مساکین کا حق بتایا گیا ہے پس اگر ملی انجمن کے ماتحت اور نظام میں چرم قربانی اوس کے مستحق کو دیا جائے تو ملیے انجمن کے حوالہ کرنے میں تاکہ وہ باقاعدہ صحیح ضرورت مندوں کو پہنچا دے کچھ حرج ومضائقہ نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

جلد نمبر 2۔ کتاب الآضاحی والذبائح

صفحہ نمبر 405

محدث فتویٰ